© rasailojaraid.com



# کتاب نما

ادارہ

## قرآنیات پر نئی کتابیں اور مضامین

### تفسیر ابن مسعودؓ، تالیف : محمد احمد عیسوی

طبع اول ۱۹۸۵ء، ناشر: فیصل ویلفیر سوسائٹی ریاض، دو جلد، صفحات جلد اول ۳۷۴ جلد دوم ۴۴۴

یہ کتاب دراصل ایم۔ اے کا مقالہ ہے جس پر مولف کو جامع ازہر سے ۱۹۸۰ء میں ایم۔ اے کی ڈگری تفویض کی گئی۔ مولف نے بڑی عرق ریزی سے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ کی تفسیری خدمات اور تفسیری آراء کو جمع کیا ہے۔ اس سلسلہ میں انھوں نے قدیم و جدید مصادر و مآخذ سے بھرپور استفادہ کیا ہے۔

### ایمان و عمل کا قرآنی تصور : تصنیف : الطاف احمد اعظمی علیگ

طبع اول ۱۹۸۶ء، ناشر: ادارہ تحقیق و تصنیف اسلامی علی گڑھ، صفحات ۲۸۰، قیمت ۲۵ روپئے

اس کتاب میں ایمان و عمل کے حقیقی مفہوم کو قرآن وسنت کی روشنی میں موثر و مدلل انداز میں بیان کیا گیا ہے۔ مصنف نے اس خیال کی پرزور تردید کی ہے کہ ایمان کی حیثیت محض ایک جامد عقیدہ کی ہے اور انسان کے خارجی عمل سے اس کا کوئی تعلق نہیں ہے۔

### اسوۂ حسنہ قرآن کی روشنی میں، تصنیف : محمد شریف قاضی

طبع اول ۱۹۸۶ء، ناشر مرکزی مکتبہ اسلامی دہلی، قیمت ۴۵ روپئے۔

اس کتاب کی اصل خصوصیت یہ ہے کہ سیرت نبوی کے مختلف پہلوؤں کی توضیح و تشریح کے لیے مصنف نے اصلاً قرآن مجید کو بنیاد بنایا ہے۔ البتہ واقعات اور تاریخی حقائق کے سلسلہ میں احادیث اور تاریخ و سیرت کے معتبر مآخذ کو بھی استعمال کیا گیا ہے۔

© rasailojaraid.com